Session 9th

No 55

Date 13/07/2026

Department H.R.M

# تحریکِ استحقاق

ضلع بنوں میں اے ایس ڈی آئی (ASDI) فنڈز کی مد میں رقوم موصول ہوئیں۔ متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل ہونے اور ان کی واجب الادا ادائیگیوں (Liabilities) کے باوجود ڈپٹی کمشنر بنوں ان فنڈز کو سرینڈر کرنے پر بضد رہے۔ میں نے متعدد بار تحریری طور پر ڈپٹی کمشنر بنوں سے درخواست کی کہ ان فنڈز کو متعلقہ منصوبوں پر خرچ کیا جائے، تاہم انہوں نے کسی بھی درخواست پر کوئی مثبت کارروائی نہ کی۔

بعد ازاں مشکوک انداز میں بعض فنڈز جاری کیے گئے، لیکن میرے حلقے کی کسی بھی منظور شدہ اسکیم کے لیے ایک روپیہ بھی مختص نہیں کیا گیا، نہ ہی فنڈز کے اجراء، تقسیم یا استعمال کی کوئی تفصیل فراہم کی گئی۔ مزید برآں، ڈپٹی کمشنر بنوں نے یہ مؤقف اختیار کیا کہ انہیں سیاسی افراد سے نفرت ہے اور وہ ان سے ملاقات نہیں کرنا چاہتے۔ میری متعدد فون کالز کا جواب نہیں دیا گیا اور نہ ہی بعد میں رابطہ کرنے کی زحمت کی گئی۔ حتیٰ کہ جب ایک ذریعے سے انہیں پیغام بھجوایا گیا کہ ایک منتخب رکن اسمبلی ان سے بات کرنا چاہتے ہیں تو انہوں نے صاف انکار کر دیا۔

ڈپٹی کمشنر بنوں اور ان کے ماتحت انتظامیہ کے رویے کے باعث میرے حلقے کے عوام کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا ہے۔ اس کے باوجود وہ میرے حلقے میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کے دورے اور افتتاح کرتے رہے، مگر مجھے بطور منتخب نمائندہ نہ اعتماد میں لیا گیا اور نہ ہی کسی تقریب یا دورے میں مدعو کیا گیا۔

اسی طرح گزشتہ طوفانی بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال، امن وامان کے معاملات، بنوں شہر کی بند سڑکوں، پرانی مال منڈی میں فوڈ اسٹریٹ کی عمارت کی تعمیر اور منصوبہ شروع ہونے سے پہلے ہی اس کی تباہی، میران شاہ روڈ پر مبینہ طور پر بغیر ٹینڈر کروڑوں روپے کے غیر معیاری تعمیراتی کام، نیز حکومتِ خیبر پختونخوا کے میگا پراجیکٹ "بنوں گل سٹی" کی پیش رفت اور معائنے کے حوالے سے بھی مجھے مکمل طور پر لاعلم رکھا گیا۔

گزشتہ سات سے آٹھ ماہ کے دوران ڈپٹی کمشنر بنوں اور ضلعی انتظامیہ نے ایک مرتبہ بھی عوامی نمائندوں کو بریفنگ دینے، منصوبوں کی تفصیلات سے آگاہ کرنے یا مشترکہ دورہ کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ ان کا طرزِ عمل یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ خود کو قانون اور پارلیمانی جوابدہی سے بالاتر سمجھتے ہیں اور منتخب عوامی نمائندوں کو جوابدہ ہونا ضروری نہیں سمجھتے۔

یہ تمام اقدامات سے نہ صرف میرا بلکہ اس پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہٰذا میری تحریک استحقاق کو متعلقہ کمیٹی کے حوالہ کیا جائے۔

Admitted

ممبر صوبائی اسمبلی

PRIVILEGE MOTION

Session No. 9th

Notice No 55

Received Time 5:20 PM